بیوی کی تصویر دیکھ کر شوہر کو انزال ہوجائے تو روزے کا کیا حکم ہے؟

مجیب: مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری

فتوی نمبر: Nor-12124

تاریخ اجراء: 19 رمضان المبارک 1443ھ/21 اپریل 2022ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ شہوت کے غلبے میں اگر شوہر بیوی کی تصویر دیکھ رہا ہو، اسی حالت میں شرمگاہ کو چھوئے بغیر ہی اسے انزال ہو جائے۔ تو کیا اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا؟؟ رہنمائی فرمادیں۔

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں اس شخص کا روزہ نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ فقہائے کرام کی تصریحات کے مطابق روزے دار کو اگر نظر کرنے سے انزال ہو جائے تو اس صورت میں اس کا روزہ فاسد نہیں ہوگا۔

چنانچہ الجوہرۃ النیرۃ میں ہے: "**نظر إلى امرأة فأنزل لم يفطر** سواء نظر إلى الوجه أو إلى الفرج أو إلى غيرهما لما بينا أنه لم يوجد منه صورة الجماع ولا معناه فصار كالمتفكر إذا أمنى۔" یعنی: روزے دار نے کسی عورت کی طرف نظر کی جس سے اسے انزال ہو گیا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا برابر ہے کہ اس نے عورت کے چہرے کی طرف نظر کی ہو یا اس کی شرمگاہ کی طرف نظر کی ہو یا ان دونوں کے علاوہ کسی اور طرف نظر کی ہو، روزہ نہ ٹوٹنے کی وجہ وہ ہے جو ہم نے بیان کی کہ نہ اس میں صورۃً جماع ہے اور نہ ہی معنیً جماع ہے یہ ایسا ہی جیسے سوچ و بچار کرنے والے کو منی کا انزال ہو جائے۔ (الجوهرة النيره، ج01، ص167، مطبوعه كراچی)

بہارِ شریعت میں ہے: "بوسہ لیا مگر انزال نہ ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹا یوہیں **عورت کی طرف بلکہ اس کی شرمگاہ کی طرف نظر کی مگر ہاتھ نہ لگایا اور انزال ہو گیا،** اگرچہ بار بار نظر کرنے یا جماع وغیرہ کے خیال کرنے سے انزال ہوا، اگرچہ دیر تک خیال جمانے سے ایسا ہوا ہو ان **سب صورتوں میں روزہ نہیں ٹوٹا۔**" (بہارِ شریعت، ج01، ص982، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net